© rasailojaraid.com

# علّامہ فضل حق خیرآبادی

ڈاکٹر ثریا ڈار

علامہ فضل حق خیرآبادی جادۂ آزادی کے رہبر و مجاہد اعظم ، علمی و ادبی کمالات میں مسلم الثبوت اور عزم و ثبات کے پیکر تھے ۔ بلند پایہ محقق ، اور ادبی دُنیا میں ممتاز مقام رکھتے تھے ۔ آپ ۱۲۱۲ھ ۔ ۱۷۹۷ء میں اپنے آبائی وطن خیرالبلاد خیرآباد میں پیدا ہوئے ۔ آپ کے جلیل القدر والد گرامی جناب فضل امام خیر آبادی دارالسلطنت دھلی میں صدر الصدور کے عہدۂ جلیلہ پر فائز تھے ۔

علامہ فضل حق خیرآبادی کا سلسلہ نسب خلیفہ ثانی امیر المومنین سیدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ تک پہنچتا ھے ۔ „باغی ھندوستان „ میں آپ کا شجرہ نسب یوں بیان کیا گیا ھے :

„ علامہ فضل حق بن مولانا فضل امام بن شیخ محمد ارشد ھرگامی بن حافظ محمد صالح بن ملاّ عبدالواجد بن عبدالماجد بن قاضی صدر الدین بن قاضی اسمعیل ھرگامی بن قاضی عماد الدین بدایونی بن شیخ ارزانی بن شیخ منور بن شیخ خطیرالملک بن شیخ سالار بن شیخ وجیه الملک بن شیخ بهاء الدین بن شیر ملک شاه ایرانی بن شاه عطاء الملک بن ملک

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بادشاہ بن ابو الفتح ملک بن محمد عمر حاکم ملک بن عادل ملک بن فاروقی بن جرجیس بن احمد بن محمد شہریار بن محمد عثمان بن ماہان بن ہمایوں بن قریش بن سلیمان بن عفاّن بن عبداللہ بن محمد بن عبداللہ بن امیر المومنین خلیفۃ المسلمین حضرت عمر الفاروق رضی اللہ عنہ «(۱)

علامہ فضل حق خیر آبادی کے اسلاف ایران کے ایک حصے پر کافی عرصہ تک حکمران رہے ۔ گردش ایام کے باعث حکمرانی سے دست بردار ہونا پڑا بعد ازاں علمی خدمات کو خاندانی شعار بنا لیا ۔ آپ کے مورث اعلی شیرالملک بن شاہ عطاء الملک کے دو صاحبزادوں بہاء الدین اور شمس الدین نے علوم و فنون میں بلند مقام حاصل کیا ۔ ظاہری و باطنی علوم میں کامل دونوں بزرگ ایران سے ہندوستان وارد ہوئے ۔ فضل و کمال میں اعلی مقام رکھنے کے باعث بہاء الدین قبۃ الاسلام بدایوں میں قاضی اور شمس الدین رہتک کے مفتی اعظم مقرر ہوئے ۔ مفتی شمس الدین کے صاحبزادے ملاّ کمال الدین کے نامور پوتے شاہ ولی اللہ بن عبدالرحیم دہلوی تھے اور بہاء الدین کے صاحبزادے وجیہ الملک کے پوتے شیخ ارزانی بدایوں میں رہے ، پھر شیخ ارزانی نے اپنے بیٹے عماد الدین کو تحصیل علم کی خاطر قاضی ہرگام کی خدمت اقدس میں بھیجا ۔ قاضی ہرگام آپ کے علم و فضل ، شرافت و نجابت اور ذاتی وجاہت و حسن اخلاق کے باعث بہت متاثر ہوئے اور اپنی دختر نیک اختر سے عقد کر کے آپ کو اپنی فرزندی میں لے لیا ۔ قاضی صاحب موصوف کے انتقال کے بعد آپ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ھرگام کے قاضی بن گئے ۔ آپ کے بعد آپ کے بیٹے قاضی اسمعیل اور پوتے قاضی صدرالدین بھی ھرگام کے قاضی رھے ۔ قاضی صدر الدین کے بیٹے عبدالماجد اور پوتے عبدالواجد بھی اپنے عہد کے فاضل اجل تھے ۔ ملاّ عبدالواجد کے صاحبزادے اور علاّمہ فضل حق خیرآبادی کے پردادا حافظ محمد صالح ، محمد شاہ بادشاہ کے عہد میں منصب جلیلہ پر فائز تھے ۔ حافظ صاحب کے بیٹے اور علامہ فضل حق خیرآبادی کے دادا شیخ محمد ارشد ھرگامی ، ھرگام کو چھوڑ کر خیرآباد ( ضلع سیتاپور اودھ ) میں سکونت پذیر ھوئے ۔ علامہ صاحب کے والد محترم فضل امام خیرآبادی صدر الصدور دھلی تھے ۔

مولانا فضل حق خیرآبادی نے ابتدائی تعلیم اپنے والد گرامی سے حاصل کی ۔ اس دور کے دوسرے طلبہ کی طرح ایک طرف تو علم معقول کی تحصیل کے لیے اپنے والد صاحب کی خدمت میں حاضر ھوتے تو دوسری طرف علم منقول یعنی حدیث ، فقہ اور تفسیر وغیرہ کے لیے شاہ عبدالعزیز . محدث دھلوی اور شاہ عبدالقادر محدث دھلوی کی خدمت میں زانوئے تلمذتہ کرتے ۔ علامہ صاحب نے آٹھ برس کی عمر میں صرف و نحوکی طرف توجہ مبذول کی ۔ قوی الحافظہ اورذھین وفطین ھونے کے باعث چار ماہ کی قلیل مدت میں قرآن پاک حفظ کر لیا اور تیرہ برس کی عمر میں تمام مروّجہ علوم عقلیہ و نقلیہ سے فراغت حاصل کی ۔

آپ نسباً فاروقی ، فقہی لحاظ سے حنفی اور ، عقائد میں ماتریدی تھے آپ نے سلسلہ چشتیہ میں حضرت شاہ دھومن دھلوی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے ہاتھ پر بیعت کی ۔ اسلیے مولوی رحمان علی „ تذکرہ علمائے ہند „ میں انھیں „ عمری ، حنفی ، ماتریدی ، چشتی لکھتے ھیں „ (۲)

رئیس زادہ ہونے کے باعث علامہ فضل حق خیرآبادی مفتی صدر الدین آزردہ دہلوی کی معیت میں ہاتھی پر سوار ہو کر تحصیل علم کے لیے شاہ صاحب کی خدمت میں حاضر ہوتے ۔ „ مولوی فضل حق صاحب اور مفتی صدر الدین صاحب جس روز خود کتاب لے کر جاتے ، اس روز شاہ عبدالقادر سبق پڑھاتے تھے اور جس روز خدمت گار کتاب ساتھ لے کر پہنچتا ، اس روز کشف سے مطلع ہو کر سبق نہ پڑھاتے „ (۳)

اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ تعلیم کے ساتھ اس دربار میں تربیت ، علم کی عظمت اور استاد کی عزت و احترام کے طریقے بھی سکھائے جاتے تھے ۔ اسی طرح „ امیر الروایات „ میں مولانا محمد قاسم نانوتوی فرماتے ھیں کہ „ مولوی فضل حق صاحب اور مفتی صدر الدین یہ فرمایا کرتے تھے کہ اس خاندان کے لوگ علوم دینیہ جیسے حدیث ، تفسیر اور فقہ وغیرہم خوب جانتے ھیں مگر معقولات نہیں جانتے ، چنانچہ ایک روز جس وقت پڑھنے جا رہے تھے ابھی وہ شاہ صاحب تک پہنچے بھی نہ تھے کہ شاہ صاحب نے اپنے خدام کو حکم دیا کہ ایک بوریا مسجد سے باہر ڈال دو اور ایک مسجد کے اندر اور جب فضل حق اور صدر الدین آئیں تو ان کو وھیں بٹھا دو ۔ بوریے حسب الحکم بچھا دیے گئے اور جب وہ دونوں آگئے تو ان کو وھیں بٹھا دیا گیا ۔ جب ان کے آنے کی شاہ صاحب کو اطلاع ہوئی تو شاہ صاحب تشریف لائے اور آ کر اپنے بوریے پر بیٹھ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



گئے اور فرمایا که میاں فضل حق اور میاں صدر الدین آج سبق پڑھانے کو تو جی نہیں چاھتا ۔ یوں جی چاھتا ہے که کچھ معقولیوں کی خرافات میں گفتگو ھو ۔ انھوں نے فرمایا که جیسے حضرت کی خوشی ھو ۔ اس پر شاہ صاحب نے فرمایا که اچھا یه بتلاؤ که متکلمین کا کونسا مسئله ایسا ہے جو فلاسفه کے مقابلے میں بہت ھی کمزور ھو ۔

انھوں نے عرض کیا که حضرت متکلمین کے تو اکثر مسائل کمزور ھی ھیں مگر فلاں مسئله تو بہت ھی کمزور ہے ۔ اس پر شاہ صاحب نے فرمایا که اچھا تم فلاسفه کا مسئله لو اور هم متکلمین کا ، اور گفتگو کریں ۔ انھوں نے عرض کیا که بہت اچھا ۔ اس پر گفتگو ھوئی اور شاہ صاحب نے دونوں کو عاجز کر دیا ۔ اس کے بعد فرمایا که اچھا اب بتلاؤ ، فلاسفه کا کونسا مسئله سب سے زیادہ کمزور ہے ۔ اس پر انھوں نے عرض کیا که فلاں مسئله بہت کمزور ہے ۔ اس پر شاہ صاحب نے فرمایا که اچھا اب تم متکلمین کا پہلو لو اور هم فلاسفه کا ، چنانچه ایسا ھی کیا گیا اور شاہ صاحب نے اب بھی ان کو چلنے نہیں دیا ۔ جب ھر طرح سے ان کو مغلوب کر دیا تو شاہ صاحب نے فرمایا که میاں فضل حق اور میاں صدر الدین تم یه نه سمجھو که ھمیں معقول نہیں آتی بلکه هم نے ان کو ناقص اور واھیات سمجھ کر چھوڑ دیا ہے مگر انھوں نے ھمیں اب تک نہیں چھوڑا وہ ابھی تک ھماری قدم بوسی کئے جاتے ھیں ،، (۴)

علامه فضل حق خیرآبادی نے تیرہ سال کی عمر میں فارغ التحصیل ھونے کے بعد اس دور کے دستور کے مطابق والد محترم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے ارشاد پر درس و تدریس کا سلسلہ شـروع کیا ۔ مولانا فضل امام کی خدمت میں حاضر ہونے والے طلبـہ کو عـلامـہ فضـل حـق خیرآبادی ہی درس دیا کرتے تھے ۔ مولانا سید غوث علی شاہ پانی پتی سے منقول ہے کہ " مولوی فضل امام نے ایک طالب عـلم سے فرمایا کہ میاں جـاؤ ، فضل حق سے سبق پڑھـ لـو ۔ وہ آیا ۔ غریب آدمی بدصورت بڑی عمر کا ، کم عـلم ، کند ذھن تھا ۔ یہ نازک طبع ، ناز پروردہ ، جمال صورت و معنی سے آراستہ چودہ برس کا سن وسال ، نئی فضیلت ، ذھـن میں جودت ، بھـلا میل ملے تو کیسے ملے ، صبحت راس آئے تو کیونکـر آئے ، تھوڑا سبق پڑھایا تھا کہ بگڑ گئے فوراً اس کی کتاب پھینک دی اور برا بھلا کہہ کر نکال دیا ۔ وہ روتا ھوا مولانا کی خدمت میں حاضر ھوا اور سارا حال بیان کیا ۔ فرمایا ، بلاؤ اس خبیث کو ۔ عـلامہ فضل حق صاحب آئے اور دست بستہ کھڑے ہو گئے ۔ مولانا نے ایک تھپڑ مارا ایسے زور سے کہ دستار فضیلت دور جا پڑی ۔ پھر فرمانے لگے ۔ " کہ تو تمام عمـر بسم اللہ کے گنبد میں رھا ۔ ناز و نعم سے پرورش پائی ۔ جس کے سامنے کتاب رکھی ، اس نے خاطر داری سے پڑھایا ۔ طالب عـلموں کی قدر و منزلت کو تو کیا جانے ۔ اگر مسافت کرتا ، بھیک مانگتا اور طالب عـلم بنتا تو حقیقت معلوم ھوتی ۔ ارے ، طالب عـلمی کی قدر ھم سے پوچھـ ۔ خبردار ، تم جانو گے اگر آئیندہ ھمارے طالب علموں سے کچھـ کہا "(۵) علامہ صاحب چپ کھڑے روتے رھے اور کچھـ دم نہ مـارا ۔ آخـر غصہ رفـع ھـوا ۔ اس کے بعد علامہ فضـل حق صاحب طالب علموں سے ھمیشہ شفقت و محبت اور دلجوئی سے پیش آتے ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



علامہ صاحب علوم عربی میں مہارت تامہ رکھنے کے ساتھ ساتھ درسی مضامین ریاضی، منطق اور ہیئت کے ایک ایسے بحر زخار تھے کہ استفادہ کرنے والے ہمیشہ مطمئن لوٹتے تھے "۔ باغی ہندوستان" میں آپ کی ذہانت کی ایک روشن مثال موجود ہے کہ "شاہ عبدالعزیز محدث دھلوی نے جب ردشیعہ میں " تحفہ اثنا عشریہ " محققانہ انداز میں تحریر فرمائی تو شیعان ہند کی طرح اہل تشیع ایران میں بھی ہیجان پیدا ہوا ۔ ایران سے میر باقر داماد "صاحب افق المبین " کے خاندان کا متبحر عالم اور مجتہد ، اونٹوں پر کتب فریقین لاد کر شاہ صاحب سے مناظرہ کے لیے دھلی پہنچا ۔ خانقاہ میں داخل ہونے پر شاہ صاحب نے فرائض میزبانی ادا فرماتے ہوئے قیام کے لیے مناسب جگہ تجویز فرما کر رخت سفر رکھوایا ۔ شام کو فضل حق حاضر ہوئے تو شاہ صاحب کو مصروف مہمان نوازی دیکھ کر کیفیت معلوم کی ۔ تھوڑی دیر حاضر خدمت رہ کر بعد مغرب مجتہد صاحب کی خدمت میں پہنچے ۔ مزاج پرسی کے بعد کچھ علمی گفتگو کا سلسلہ شروع کر دیا ۔ مجتہد صاحب نے پھر پوچھا " میاں صاحبزادے کیا پڑھتے ہو ؟ عرض کیا ، شرح اشارات ، شفا اور افق المبین وغیرھم دیکھتا ہوں ۔ مجتہد صاحب کو بہت حیرت ہوئی ۔ " افق المبین کی کسی عبارت کا مطلب پوچھ لیا ۔ علامہ نے ایسی مدلل تقریر کی کہ " صاحب افق المبین " پر متعدد اعتراضات کر گئے ۔ معزز مہمان نے اعتراضات کی جواب دہی کی کوشش کی تو ان کے لیے جان چھڑانا اور بھی مشکل ہو گیا ۔ جب خوب عاجز کر لیا تو اپنے شبہات کے ایسے انداز میں جوابات دیے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



که تمام همراهی عــلماء بھی انگشت بدندان ہو گئے ۔ آخر آپ نے یہ اظہار بھی کر دیا کہ حضرت شاہ عبدالعزیز کا شاگرد اور کفش بردار ہوں اور اظہار معذرت کرتے ہوئے رخصت ہوئے ، (٦) ایرانی عالم یہ سن کر بہت متاثر ہوا اور اندازہ کر لیا کہ اس خانقاہ کے بچوں کے علم و فضل کا جب یہ عالم ہے تو خود شیخ خانقاہ خدا جانےکیسا ہو گا ؟

، صاحب تذکرہ عــلمائے ہند ، آپ کی ذہانت اور حسن بیان کے بارے میں رقمطراز ہیں :

، دوازدہ صـد وشصت و چہار ہجری مولف ہیچمیـدان بمقام لکھنؤ بخدمتش رسیدہ دید کہ درعین حقہ کشی وشطرنج بازی تلمیذی را سبق افق المبین میداد و مطالب کتاب رابہ متعــلم باحسن بیانی دل نشین می نمود ، (٧)

غرض کہ ۱۸۰۹ ء سے لے کر ۱۸۵۸ء تک مسلسل پچاس برس تک سلسلہ تدریس جاری رہا ۔ اس دوران میں فرائض ملازمت کی انجام دہی کے ساتھ تصنیف و تالیف میں بھی مشغول رہے لیکن یہ تمام امور آپ کے سلسلہ تدریس میں کبھی بھی حائل نہ ہوئے۔

مولانا فضل امام خیرآبادی کے انتقال کے وقت علامہ صاحب کی عمر اٹھائیس ۲۸ برس تھی ۔ خاندانی ذمہ داریوں کا بوجھ اٹھانے کے لیے دہلی کے محکمہ ریذیڈنٹ کے سر رشتہ دار مقرر ہو گئے ۔ کچھ عرصے بعد آپ نے ریذیڈنسی کمشنری میں اپنی تبدیلی کروالـی ۔ نازک مزاجی کے باعث جب یہ ملازمت بھی راس نہ آئی تو استعفی پر ہی بات ختم ہوئی ۔ پھر نواب فیض محمد خـــان والئی جھجھر نے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پانچ سو روپے ماہوار پر نہایت عزت و احترام کے ساتھ اپنے پاس بلا لیا ۔ کچھ عرصہ جھجھر میں قیام پذیر رہنے کے بعد مہاراجہ الور کی دعوت پر الور چلے آئے ۔ بعد ازاں نواب ٹونک اور پھر ریاست رام پور میں ملازمت اختیار کر لی ، وہاں نواب یوسف علی خاں نے آپ کے سامنے زانوئے تلمذتہ کئے ۔ آٹھ برس رام پور میں قیام کرنے کے بعد لکھنو کے صدر الصدور بنا دیے گئے ۔ جب ملک میں ابتری و انتشار کو فرو کرنے کے لیے ایک کچہری ,, حضور تحصیل ،، کے نام سے بنائی گئی تو علامہ فضل حق صاحب نے زمانہ ملازمت میں تمام امور نہایت تندھی ، ایمانداری اور دیانت داری سے سرانجام دیے ۔

علامہ صاحب اپنے عہد کے متبحر عالم تھے ۔ ان کے ہم عصروں میں شاہ اسمعیل شہید ، حکیم مومن خاں مومن اور مرزا نوشہ (غالب ) بہت مشہور ہیں ۔ شاہ اسمعیل شہید اور علامہ صاحب امکان النظیر و امتناع النظیر ، رفع الیدین اور آمین بالجہر کے موضوعات پر اکثر بحث مباحثے کرتے رہتے تھے ، جن میں آخرکار شاہ صاحب بازی لے جاتے تھے ۔ اگرچہ مومن خان مومن اور مرزا غالب ، علامہ کے بہت قریبی اور قدیم دوست تھے لیکن قربت اور دوستی پر حق بات کو ترجیح دیتے تھے ۔ جیسا کہ امیر الروایات میں ھے کہ ,, جب شاہ اسمعیل صاحب اور علامہ فضل حق صاحب میں تحریری مناظرہ ھوتا تو شاہ اسمعیل کا قاعدہ تھا کہ جب آپ کے پاس علامہ فضل حق صاحب کی تحریر پہنچتی تو فوراً جواب دیتے اور بعض اوقات تو ایسا ھوا کہ آپ تیر رھے ھیں اور تیرنے کی حالت میں آپ کے پاس تحریر پہنچتی ، آپ نے تیرتے ھی تیرتے اس

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کا جواب لکھوا دیا ۔ ایک مرتبہ ایسا اتفاق ھوا کہ مومن خاں اور مولوی فضل حق صاحب شطرنج کھیل رہے تھے اور مولوی فضل حق صاحب نے شاہ محمد اسمعیل کے پاس تحریر بھیجی تھی اتفاق سے ان کے شطرنج کھیلنے میں آدمی واپس آگیا ۔ مولوی فضل حق نے دریافت کیا کہ جواب لائے ۔ اس نے کہا کہ جواب نہیں دیا اورکہا فلاں وقت دوں گا چونکہ یہ بات شاہ اسمعیل صاحب کے طرز کے خلاف تھی ۔ اس لیے علامہ فضل حق صاحب نے سمجھا کہ اب شاہ اسمعیل عاجز آگئے اور یہ سمجھ کر کہا کہ بس دے لیا جواب ۔ یہ بات مومن خان مومن کو ناگوار گذری ۔ انھوں نے کہا کہ وہ بات ھی کیا ، جس کا جواب مولانا صاحب نہیں دے سکتے ۔ اس پر ان میں گفتگو شروع ھو گئی اور مومن خاں مناظرہ میں غالب رہے چونکہ گفتگو میں مزاج مکدر ھو گیا تھا ، اس لیے مومن خاں یہ شعر کہہ کر چل دیے ۔

" لے نام آرزو کا تو دل کو نکال دیں
مومن نہ ھو جو ربط رکھیں بدعتی سے ھم (٨)

" جب علامہ فضل حق صاحب نے دیکھا کہ مومن خاں ناراض ھو گئے تو وہ ان کو منانے کے لیے گئے اور کچھ گفتگو ھو کر صلح ھو گئی " (٩)

بلند پایہ شاعر مرزا نوشہ بھی علامہ فضل حق کے قدیم دوست تھے ۔ علامہ صاحب نے مرزا صاحب کی توجہ شاعری کے ساتھ ساتھ مذھبی بحثوں کی طرف بھی مبذول کی اور مرزا صاحب سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نہایت اصرار کے ساتھ فارسی میں وهابیوں کے خلاف مثنوی لکھنے کا وعدہ لیا ، جس میں ان کے بڑے بڑے اور مشہور عقیدت مندوں کی تردید اور خاص طور پر شاہ اسمعیل کو مخاطب کر کے امتناع النظیر خاتم النبین کے مسئله کو زیادہ شرح و بسط کے ساتھ بیان کرنے کی فرمائش کی ۔ علامه صاحب ، شاہ اسمعیل کی مخالفت کا کوئی موقع ھاتھ سے نہ جانے دیتے تھے ۔ جب شاہ اسمعیل صاحب نے جامع مسجد دهلی کے تبرکات نبوی کے خلاف مسلمان قوم کو شرک و بدعت سے دور رهنے کے لیے وعظ و تذکیر کے ساتھ صحیح اسلامی توحید کا نقشہ پیش کیا تو دنیا طلب مولویوں کے گروہ میں آگ بھڑک اٹھی اور وہ سب آپ کی مخالفت پر آمادہ ہو گئے ۔ جب وہ لوگ آپ کے خلاف کچھ نہ کر سکے تو انھوں نے ڈیڑھ ہزار دستخطوں پر مبنی ایک درخواست علامه فضل حق صاحب کی تائید کے ساتھ انگریز حاکم کے سامنے پیش کی ، جس میں شاہ اسمعیل ھی کامیاب رہے نتیجتاً شاہ صاحب نے جہاد باللسان کی بجائے جہاد باسیف کے وعظ کا آغاز کر دیا ۔

مولانا عبدالشاهد خان شروانی « باغی هندوستان » میں علامه فضل حق خیرآبادی کی شاہ اسمعیل شہید سے مخالفت کا ذکر « تقویة الایمان » کے حوالے سے اس طرح کرتے هیں که اس کتاب میں افراط و غلو کے نتیجے میں مولانا کے جذبه اصلاح اور وعظ و ارشاد کی قدر کرنے والے اور پرانے ساتھی بھی مولانا کی مخالفت کیے بغیر نہ رہ سکے ۔ اس موقع پر علامه فضل حق صاحب بھی پہلوتہی اور خاموشی کو گناہ عظیم تصور کرتے ہوئے شاہ صاحب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے مخالف لوگوں میں شامل ہو گئے ۔ شروانی صاحب نے اس بات کا اقرار بھی کیا ھے کہ کتاب میں شرک خفی کو شرک جلی میں لکھ دینے کا احساس خود مصنف کو بھی تھا تو کیا شروانی صاحب کا مقصد یہاں علامہ صاحب کی ذات گرامی کو اس بات سے بری کرنا ھے کہ انھوں نے شاہ اسمعیل صاحب کی مخالفت صرف اسی موقع پر ھی کی تھی حالانکہ جب وہ انگریز ریذیڈنٹ کے محکمہ میں سررشتہ داری کے عہدے پر فائز تھے تو انھوں نے بلاوجہ ھی آپ کی مخالفت کی تھی ۔ عمر کے آخری ایام میں اس بات کا اعتراف ، کہ تمام عمر شاہ اسمعیل صاحب کی مخالفت بغیر کسی معقول وجہ کے کرتے رھے ۔ " امیر الروایات " میں انھوں نے خود کہا ھے ۔
مفتی عنایت احمد صاحب علامہ فضل حق صاحب کے ساتھ رنگون میں ایک ھی جگہ مقید تھے ۔ مفتی عنایت احمد نے رہا ھونے کے بعد ہندوستان آ کر بیان فرمایا کہ " مولوی فضل حق صاحب بہت نادم تھے ، روتے تھے اور فرماتے تھے کہ مجھ سے سخت غلطی ھوئی کہ میں نے مولوی اسمعیل صاحب کی مخالفت کی ۔ وہ بے شک حق پر تھے اور میں غلطی پر تھا ۔ مجھ پر جو یہ مصیبت پڑی ھے ، یہ میرے انھی اعمال کی سزا ھے ۔ میری مولوی اسمعیل سے دوستی تھی اور میں بھی ان کے ساتھ شہید ھوتا مگر کیا کیجیئے ۔ بدایوں والوں نے ابھار کر ان سے بھڑوا دیا اور میں علم کے غرہ میں حق کو باطل کرنے پر تل گیا ۔ تم لوگ گواہ رھنا کہ میں اپنے خیالات باطلہ سے توبہ کرتا ھوں اور اگر میں رہا ھو گیا تو اپنی توبہ شائع کروں گا " (١٠)

علامہ فضل حق اگرچہ خیرآبادی میں پیدا ھوئے لیکن انھوں نے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اپنی عمر کا بیشتر حصہ دھلی میں گذارا ۔ ۱۸۵۷ سے پہلے چند سال لکھنؤ میں صدر الصدور کے عہدے پر فائز رہے ۔ وھاں کے حالات دھلی سے بھی ابتر تھے ۔ اس دوران میں مسجد ہنومان گڑھی ( متصل اجودھیا ) کا خونی واقعہ پیش آیا ۔ مسلمانوں کو وھاں اذان دینے اور نماز پڑھنے سے روک دیا گیا ۔ اگر کوئی مسلمان نماز کا وقت ہونے پر اذان دینے کے لیے چلا جاتا تو اسے لہولہان کر کے نکال دیا جاتا ۔ آخر کار ذیقعد ۱۲۷۱ ھ جولائی ۱۸۵۵ ء میں شاہ غلام حسین اور مولوی محمد صالح مجاھدین کے ایک گروہ کے ساتھ کفار کا مقابلہ کرنے کے لئے ہنومان گڑھی پہنچے ۔ کفار سے زبردست مقابلہ ھوا نتیجہ تمام مجاھدین مسجد کے اندر ذبح کر دیے گئے کفار جوتے پہن کر مسجد میں گھس گئے ، سنکھ بجائے گئے اور ( نعوذ باللہ ) قرآن کے نسخے پرزہ پرزہ کر کے پاؤں تلے روندے گئے ۔ اس سنگین خونی حادثے کی اطلاع مولانا شاہ امیر علی ساکن امیٹھی کو ملی تو انھوں نے جوشیلی تقریروں کے ذریعے مسلمانوں کو جہاد کرنے پر آمادہ کر لیا ۔ کفار کے خلاف جہاد میں حصہ لینے والوں کے امیر ، امیر علی شاہ تھے ۔ یہ مسلمان مجاھدین بھی سرکاری فوج کے ھاتھوں ختم ہوئے ۔ اس اثناء میں علامہ فضل حق خیرآبادی ، مفتی سعداللہ رام پوری اور مولوی محمد یوسف فرنگی محل نے مولوی امیر علی اور جہاد ہنومان گڑھی کے خلاف فتویٰ دیا ۔ مگر علامہ فضل حق خیرآبادی نے ۱۸۵۷ ء کی جنگ آزادی میں مردانہ وار حصہ لیتے ہوئے اس واقع کی پوری پوری تلافی کر دی ۔

ہندوستان پر انگریز عرصے سے قابض تھے ۔ مولانا فضل حق اپنے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وطن عزیز کو غلامی کی زنجیروں میں گرفتار دیکھ کر پریشـــان اور غمزدہ ہو جاتے تھے ۔ علامہ صاحب کے حســاس دل اور دور رس نگاہوں نے ہندوستان اور ہندوستانیوں کے خلاف اس جذبہ نفرت و حقارت کا بخوبی جائزہ لے لیا تھا جو سامراجی حکمران انگلستان سے روانگی کے وقت لے کر چــلتے تھے ۔ کم و بیش ایک ہزار ســال تک مسلمانــوں نے پورے جاہ و جلال اور عظمــت و شوکت سے ہندوستان پر حکومت کی تھی اب انگریزوں کی آمد سے وہ زوال اور انحطاط کا شکار ہو گئے تھے ۔ چنانچہ علامہ صاحب مسلمانوں کو انگریزں کی غلامی سے نجــات دلانے کے لیے ہر منظم اور باقاعدہ تحریک میں حصہ لینے کے خواہش مند رہتے تھے ۔ آزادی وطن کی تحریک میں ہر ریاست کے والی کو ، خواہ وہ ہندو ہو یا مسلمان ، شامل کرنے کی کوشش کرتے رہتے ۔ ۱۸۵۷ ء کے ہنگامے کے وقت عــلامہ صاحب الور میں مقیم تھے ۔ اگست ۱۸۵۷ کو علامہ الور سے دہلی پہنچے ۔ آگ اور دھوئیں کے بادل اٹھنے شــروع ہو چکے تھے ۔ قتل و غارت ، فساد اور لوٹ مار معمولی باتیں بن گئی تھیں ۔ مسلمانوں کی دو جماعتیں ، جن میں ایک جماعت مجــاہدین کی اور دوسری جنرل بخت خان کے ماتحت روہیلوں کی تھی ، دشمنوں سے لڑ رہی تھیں ۔ علامہ فضل حق نے جنرل بخت سے ملاقات کی اور باہمی مشورے سے جامع مســجد میں جمعہ کی نماز کے بعد عــلماء کے ســامنے تقریر کرتے ہوئے فتویٰ پیش کیــا ، جــس پر مفــتی صدر الــدیــن خاں آزردہ صدر الصــدور دہلــی ، مولــوی عبدالقــادر ، قاضی فیض اللہ دہلوی ، مولانا فیض احمد بدایونی ،

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ڈاکٹر مولوی وزیر خان اکبر آبادی اور سید مبارک شاہ رام پوری نے دستخط کیے ۔ اس فتوے سے پورے ملک میں آگ لگ گئی ۔ کمپنی کی فوج نے ۱۴ ستمبر۱۸۵۷ء کو شہر دھلی پر حملہ کر دیا اور ۱۹ ستمبر کو پورے دھلی شہر پر انگریزوں کا قبضہ ھو گیا ۔ جنرل بخت خاں اپنی فوج اور توپ خانہ کے ساتھ لکھنو روانہ ھو گئے ۔ اس دوران میں بےشمار لوگوں کو گولیوں سے اڑا دیا گیا ۔ کئی کو پھانسی کے تختے پر لٹکا دیا گیا اور متعدد لوگ دھلی چھوڑ کر غریب الوطنی کی زندگی بسر کرنے لگے ۔ علامہ فضل حق بھی فتوے کی بنا پر باغی قرار دیے گئے ۔ قید ھونے سے پہلے اھل و عیال کے ساتھ کچھ مدت چھپے رھے ۔ بالآخر جب ملکہ وکٹوریہ نے عفو عام کا اعلان کیا تو علامہ صاحب اپنے وطن خیرآباد پہنچ گئے ۔ اپنے رسالہ الثورة الھندیه میں فرماتے ھیں :

" غافلا عن انه لا ایمان لمن لیس له ایمان ، وانه یمین بعد الیمین ، من لا یستدین بدین ولا یخاف یوم الدین " (۱۱)

خیرآباد میں چند روز تو نہایت سکون و اطمینان سے گذر گئے لیکن دو آدمیوں کے مخبری کرنے پر آپ کو آپ کے گھر سے گرفتار کر کے مقدمے کے لیے لکھنؤ بھیج دیا گیا اور ان پر سلطنت مغلیه سے وفاداری یا فتوائے جھاد پر جرم بغاوت میں مقدمه چلا ۔

" مولانا موصوف کے فیصلہ کے لیے جیوری بیٹھی ۔ ایک اسیسر نے واقعات سن کر بالکل چھوڑنے کا فیصلہ کیا ، سرکاری وکیل کے مقابل خود مولانا بحث کرتے تھے بلکه لطف یه تھا که چند الزام اپنے اوپر خود قائم کیے اور پھر خود ھی مثل تار عنکبوت عقلی و قانونی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ادله سے توڑ دیے ۔ جج یہ رنگ دیکھ کر پریشان تھا اور ان سے ہمدردی بھی تھی ۔ جج نے صدر الصدوری کے عہد میں مولانا سے کچھ عرصہ کام بھی سیکھا تھا ۔ وہ مولانا کی عظمت اور تبحر سے بھی واقف تھا ۔ وہ دل سے چاھتا تھا کہ مولانا بری ہو جائیں ۔ کرے تو کیا کرے ۔ ظاہر یہ ہو رہا تھا کہ مولانا بری ہو جائیں گے ۔ سرکاری وکیل بھی لاجواب تھے ۔ ،، (۱۲)

دوسرا دن آخری دن تھا ۔ مخبر بھی عدالت میں موجود تھا ۔ اس نے عدالت میں آنے کے خوف سے اور پھر علامہ کی پروقار اور بارعب شخصیت سے متاثر ہو کر یہ کہہ دیا کہ یہ وہ فضل حق نہیں لیکن علامہ صاحب نے اس کے بیان کی تصدیق و توثیق کرنے سے انکار کرتے ہوئے اس کے پہلے قول کی تائید کی اور فرمایا ۔

« پہلے اس گواہ نے سچ کہا تھا اور رپورٹ بالکل صحیح لکھوائی تھی ۔ اب عدالت میں میری صورت دیکھ کر مرعوب ہو گیا اور جھوٹ بولا ۔ وہ فتویٰ صحیح ہے ، میرا لکھا ہوا ہے اور آج اس وقت بھی میری وہی رائے ہے ،، (۱۳)

علامہ صاحب کے اس اقرار پر انھیں حبس دوام بہ عبور دریائے شور کا حکم سنا دیا گیا ۔ بعد ازاں جزیرہ انڈمان روانہ کر دیا گیا ۔ آپ نے اپنے علم و فضل اور تصنیف و تالیف کی بدولت اس بےآباد جزیرہ کو بھی دارالعلوم بنا لیا ۔

علامہ صاحب نے اپنی پوری زندگی امیرانہ ٹھاٹھ سے گذاری تھی اور اب قید میں انھیں غیرمعمولی مصائب اور تکالیف کا سامنا کرنا پڑا ۔ یہاں آپ کو بارکوں کی صفائی کرنے اور کوڑا کرکٹ جمع

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کر کے پھینکنے پر مامور کیا گیا ۔ فرماتے ھیں :

" میرے دشمن میری ایذارسانی میں کوشاں ، اور میری ھلاکت کے درپے رھتے ھیں ۔ میرے دوست میرے مرض کے مداوا سے لاچار ھیں ۔ دشمنوں کے دل میں میری طرف سے بغض و کینہ مذھبی عقائد کی طرح راسخ ھو گیا ھے ۔ ان کے پلید سینے کینہ و عداوت کے دفینے بن گئے ھیں ۔ ان ظاھری اسباب پر نظر کرتے ھوئے میں اپنی نجات سے مایوس اور اپنی امیدوں کو منقطع پاتا ھوں " (۱۳)

انڈمان کی قید کے دوران آپ نے انگریز سپرنٹنڈنٹ کی فارسی کی کتاب ھیئت کی عبارت درست کر کے دی ، جس پر وہ بہت متاثر ھوا اور اس نے گورنمنٹ سے آپ کی رھائی کی سفارش کی ۔ علامہ فضل حق کے صاحبزادے مولوی شمس الحق ، خواجہ غلام غوث بےخبر اور میر منشی لیفٹینٹ مغربی و شمالی صوبہ اودھ آپ کی رھائی کے لیے انتھک کوششوں میں مصروف تھے ۔ رھائی کے احکام ملتے ھی مولوی شمس الحق انڈمان روانہ ھو گئے ۔ جہاز سے اتر کر شہر میں گئے تو ایک بہت بڑے مجمع کے ساتھ ایک جنازہ بھی دکھائی دیا ۔ معلوم کرنے پر پتہ چلا کہ یہ مولانا فضل حق خیرآبادی کا جنازہ ھے ۔ علامہ صاحب ۱۲ صفر ۱۲۷۸ھ ۔ ۱۹ اگست ۱۸۶۱ء کو اس جہاں فانی سے کوچ کر گئے (انّا للّٰہ و انّا الیہ راجعون ) مولوی شمس الحق بھی مایوسی کے عالم میں تدفین میں شریک ھوئے اور ناکام وطن واپس لوٹے ۔

علامہ فضل حق خیرآبادی علم معقول کے امام و مجتہد اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



عربی ادب کے بہت بڑے ماہر تھے ۔ علمائے ہند میں سے عربی نثر اور نظم دونوں میں کوئی آپ کا ثانی نہ تھا ۔ شاعری میں عرب کے شعرائے متأخرین پر سبقت لے گئے تھے ۔ عروض و علم شعر میں اعلیٰ مقام رکھنے کے باعث چار ہزار سے زیادہ اشعار کہے گویا آپ منطق و فلسفہ کے امام ہونے کے ساتھ ساتھ عربی ادب کے بلند پایہ ادیب اور شاعر بھی تھے ۔ اس سلسلے میں گل حسن شاہ پانی پتی فرماتے ہیں کہ " علامہ صاحب نے ایک قصیدہ عربی زبان میں امرء القیس کے ایک قصیدہ کی طرز پر لکھا اور مولانا شاہ عبدالعزیز دھلوی کی خدمت میں سنانے کی غرض سے لے گئے ۔ شاہ صاحب نے ایک مقام پر اعتراض کیا ۔ اسکے جواب میں انھوں نے بیس شعر متقدمین کے پڑھ دیے ۔ مولوی فضل امام بھی اس وقت وھاں موجود تھے ۔ وہ فرمانے لگے کہ بس حد ادب ۔ علامہ نے جواب دیا کہ حضرت یہ کوئی علم تفسیر و حدیث تو ھے نہیں ، فن شاعری ھے ۔ اس میں بےادبی کی کیا بات ھے ؟ شاہ صاحب نے فرمایا کہ برخوردار تم سچ کہتے ہو ، مجھ کو سہو ہوا تھا " (١٥)

دھلی میں علامہ فضل حق کے ھاں روزانہ صاحب علم و فضل اور باکمال لوگوں کی نشست رھتی تھی ۔ دھلی میں دو مقام ایسے تھے ، جہاں پر علماء و شعراء کا اجتماع رھتا تھا ۔ ایک علامہ کے ھاں اور دوسرا مفتی صدر الدین آزردہ دھلوی کے دولت کدے پر ۔ علامہ فضل حق خیرآبادی کے علمی دربار میں آٹھویں دن شعرائے دھلی کا اجتماع ھوتا تھا ۔ " بڑے بڑے کہنہ مشق شاعر ، مولوی امام

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بخـــش صہبائی ، علامه عبدالله خان علوی ، حکیم مومن خان مومن ، مفتی صدر الدین آزرده دھلوی ، مرزا اسد الله خان غالب ، نواب ضیاء الدین خاں نیر ، شاہ نصیر الدین نصیر ، شیخ محمد ابراهیم ذوق ، حکیم آغا خان عیش ، حافظ عبدالرحمن خان احسان ، میر حسین تسکین اور خدا جانے کتنے سخن واران باکمال کا جمگھٹا تھا ۔ جب یه لوگ ایک جگه جمع هوئے هوں گے تو آســمان کو بھی زمین پر رشک آتا هو گا ،، (١٦)

علامه صاحب نے بچپن سے جوانی میں قدم رکھتے هی اپنے آبائی وطن خیرآباد اور اقامتی وطن دهلی میں علمی و ادبی مجــالس اور شعر و شاعری کی صحبتوں میں رهتے هوئے فنون ادبیه میں مکمل مہارت حاصل کر لی تھی ۔ سخن فہمی اور نکته پروری میں بلند مقـــام رکھتے تھے ۔ مولانا محمد حسین آزاد نے دیوان اردو کے انتخاب کا سهـــرا مولانا خیرآبادی اور مرزا خاں کے سر باندھا هے ۔ لکھتے هیں :

,, سن رسیده اور معتبر لوگوں سے معلوم هوا که حقیقت میں ان کا دیوان بہت بڑا تھا ، یه منتخب هے ۔ مولـوی فضـل حق صاحب خیرآبادی فاضل بےعدیل تھے ۔ ایک زمانه میں دهلی کی عدالت ضلع میں سررشته دار تھے ۔ اسی عهد میں مرزا خان عرف مرزا خانی خان صاحب کوتوال شهر هے ۔ وہ مرزا قتیل کے شاگرد تھے ۔ نظم و نثر فـــارسی اچھی لکھتے تھے غرضیکه یه دونوں باکمال مرزا صاحب کے دلی دوست تھے ۔ انھوں نے اکثر غزلوں کو سنا اور دیوان کو دیکھا تو مرزا صاحب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کو سمجھایا کہ یہ اشعار عام لوگوں کی سمجھ میں نہ آئیں گے مرزا نے کہا ، اتنا کچھ کہہ چکا ۔ اب تدارک کیا ہو سکتا ہے ؟ انھوں نے کہا ، خیر جو ہوا سو ہوا ۔ انتخاب کرو اور مشکل شعر نکال ڈالو ۔ مرزا صاحب نے دیوان حوالے کر دیا ۔ ۔ دونوں صاحبوں نے دیکھ کر انتخاب کیا ۔ وہ یہی دیوان ہے جو آج ہم عینک کی طرح آنکھوں سے لگائے پھرتے ہیں (۷)

علامہ صاحب کا علمی کمال نہ صرف اردو ادب میں جلوہ گر ہے بلکہ آپ نے ع بی زبان میں حضور پاک کی مدح اور کفار کی ہجو میں قصائد لکھے اور مرثیوں میں بھی طبع آزمائی کی ۔ اس کے ساتھ ساتھ فارسی زبان میں بھی یکتائے روزگار تھے ۔ اور فارسی شاعری میں انھوں نے اپنا تخلص « فرقتی » رکھا ۔ فصاحت و بلاغت اور روانی سلاست میں بیسیوں خطوط ، مضامین اور مقالات لکھے گویا آپ تمام علوم میں فاضل کامل اور متبحر عالم تھے ۔ سرسید احمد خان علامہ صاحب کو ان الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں ۔

" مستجمع کمالات صوری و معنوی جامع فضائل ظاهری و باطنی بنا فضل و افضال بہار آرائے چمنستان کمال . . . . . مبطل باطل و محقق حق ، مولانا محمد فضل حق جمیع علوم و فنون میں یکتائے روزگار ہیں اور منطق و حکمت کی تو گویا انھی کے فکر عالی نے بنا ڈالی ہے ۔ علمائے بعد میں فضلائے دھر کو کیا طاقت ہے کہ اس سرگروہ اہل کمال کے حضور میں بساط مناظرہ آراستہ کر سکیں ۔ بار بار دیکھا گیا ہے کہ جو لوگ اپنے آپ کو یگانہ فن سمجھتے تھے جب ان کی زبان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سے ایک حرف سنا ، دعوی کمال کو فراموش کر کے نسبت
شاگردی کو اپنا فخر سمجھے ۔ بایں همه کمالات علم و
ادب میں ایسا علم سرفرازی بلند کیا ھے کہ فصاحت کے
واسطے ان کی عبارت شستہ محضر عروج معارج ھے اور
بلاغت کے واسطے ان کی طبع رسادست آویز بلندی مدارج
ھے ۔ سحبان کو ان کی فصاحت سے سرمایہ خوش بیانی اور
امرؤالقیس کو ان کے افکار بلند سے دست گاہ عروج معانی
الفاظ پاکیزہ ان کے رشک گوھر خوش آب اور معانی رنگین ان
کے غیرت لعل ناب ھیں » (۱۸)

گویا مولانا ایک فخر روزگار کامل فاضل اور فلسفی تھے ۔ آپ
کی جودت طبع رسائی ، ذھنی بلند خیالی اور دقیق النظری بےنظیر
تھی ۔ « ایک دفعہ مولوی اکرام اللہ شہابی نے شمس العلماء مولانا
عبدالحق سے پوچھا ۔ بھائی صاحب دنیا میں حکیم کا اطلاق کن کن
پر ھے ۔ مولانا کہنے لگے ، بھیا ساڑھے تین حکیم دنیا میں ھیں ،
ایک معلم اول ( ارسطو ) دوسرے معلم ثانی ( ابو نصر فارابی ) تیسرے
والد ماجد مولانا فضل حق خیرآبادی اور نصف بندہ » (۱۹)

تصانیف :

علامہ فضل حق خیرآبادی نے اپنی عمر کے پچاس برس درس و
تدریس اور تصنیف و تالیف میں بسر کیے ۔ اس دوران میں انھوں نے
فرائض ملازمت کو بڑی تندھی اور ایمانداری سے سرانجام دیا ۔ لیکن
یہ گونا گوں مصروفیات درس و تدریس اور معرکۃ الآراء تصنیفات کے
سلسلہ میں کبھی بھی حائل نہ ہوئیں ۔ اگر ایک طرف آپ نے شاھانہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



خلعت میں ملبوس ہو کر مختلف زبانوں میں کتب و رسائل کی تالیف کی تو دوسری طرف ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں خوفناک مصائب اور الم ناک حالات میں جزیرہ انڈمان میں محبوس فقیرانہ لباس میں ملبوس ہو کر بھی اپنے سلسلہ تصنیف کو نہ چھوڑا ۔ آپ کی تمام کتب میں ادبیت کی چاشنی اور فصاحت و بلاغت کی بلندی نمایاں ہے ۔ " باغی ہندوستان " میں آپ کی کتب کی حسب ذیل فہرست موجود ہے ۔

" الجنس العالی شرح جواہر العالی ، حاشیہ افق المبین ، حاشیہ تلخیص الشفاء ، حاشیہ شرح مسلم قاضی مبارک ، اس شرح کے معرکۃ الآراء مباحث کی فہرست " الثورۃ الہندیہ " میں موجود ہے ۔ اس کتاب کے بارے میں جزیرہ انڈمان میں بعض اسیر فرنگ علماء نے دریافت کیا کہ ہندوستان میں کیا یادگار چھوڑی ہے فرمایا دو یادگاریں چھوڑ کر آیا ہوں ۔ ایک حاشیہ شرح مسلم قاضی مبارک گوپاموی اور دوسری یادگار برخوردار عبدالحق " (۲۰)

اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ علامہ صاحب اپنی اس تصنیف پر کس قدر فخر کرتے تھے ۔

الہدیہ السعیدیۃ فی الحکمۃ الطبیعۃ : یہ فلسفہ اور حکمت کے موضوع پر ایک عمدہ اور مستند تصنیف ہے ۔ اس کتاب میں زمین کی حرکت پر شرح و بسط کے ساتھ براہین قائم کرنے کے بعد موجودہ سائنس کی تحقیقات کے غلط ثابت کر کے مخالفین کے دلائل کو مسترد کر دیا ہے ۔ یہ کتاب ایک مقدمہ اور تین فنون پر مشتمل ہے اور آج تک ہند اور بیرون ہند میں داخل نصاب ہے ۔ اس کتاب کا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نام والئی رام پور نواب محمد سعید خان کے نام پر رکھا گیا اور اسکی تصنیف کا سبب بھی نواب صاحب ھی تھے ۔ اسکے علاوہ موصوف نے درج ذیل کتابیں تصنیف کیں ۔

رسالہ تشکیک ماھیات ، رسالہ کلی طبعی ، رسالہ علم و معلوم ، روض المجود فی تحقیق حقیقۃ الوجود ، رسالۃ قاطیغوریاس ، رسالہ تحقیق حقیقۃ الاجسام ، رسالہ الثورۃ الھندیہ ، قصائد فتنۃ الھند ۔

قصائد فتنۃ الھند ، ۱۸۵۷ ء کی جنگ آزادی کے درد انگیز تاریخی واقعات ، المناک حادثات ، مجاھدین کی جلاوطنی ، حبس دوام بہ عبور دریائے شور ، مردوں ، عورتوں اور بچوں کا قتل عام اور مسلط حکومت کے مظالم کی دل ھلا دینے والی خونی داستان ھے ، جسے علامہ فضل حق صاحب نے جزیرہ انڈمان میں حالت محبوسی میں مختلف کاغذکے پرزوں اور کپڑوں پر کوئلہ وغیرہ سے لکھا تھا اور جناب مفتی عنایت احمد کاکوروی ( م ۱۲۷۷ ھ ) کی رھائی پر ان کے ھاتھ اپنے خلف الرشید مولانا عبدالحق خیرآبادی کے پاس بھیج دیا تھا ۔ اس رسالہ میں " قصائد فتنۃ الھند " کو بڑی محنت و کاوش سے مرتب کیا تھا ۔ ان دو عربی قصائد ( ھمزیۃ اور دالیہ ) میں اس وقت کے ھولناک مصائب اور نصاریٰ کے خوفناک عزائم کا ذکر کرتے ھوئے علمائے مجاھدین کے اعلان جہاد کو وقت کی اھمیت کے مطابق اشد ضروری قرار دیا ھے ۔ گویا الثورۃ الھندیہ اور قصائد فتنۃ الھند آپ کے علمی و ادبی شاھکار ھیں ۔

مجموعہ القصائد ، امتناع النظیر ، تحقیق الفتویٰ فی ابطال الطغویٰ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مندرجه بالا تصنیفات میں چار پانچ کے علاوہ باقی سب غیر مطبوعه هیں ۔ " الثورة الهندیه " میں شروانی صاحب نے ان سوله تصنیفات کا ذکر کیا هے جب که تاریخ ادبیات عربی جلد دوم میں علامه صاحب کی ۲۳ کتابوں کا ذکر کیا گیا هے ۔

علامه فضل حق خیرآبادی نے دو شادیاں کی تهیں ۔ پهلی بیوی کے بطن سے تین صاحبزادیاں اور ایک صاحبزاده یعنی شمس العلماء مولانا عبدالحق اور دوسری اهلیه سے دو صاحبزادے ، مولوی شمس الحق اور مولوی علاء الحق تهے ۔

## حــواله جات


۱ ۔ عبدالشاهد خان شروانی ، باغی هندوستان ۔ ص ، ۱۲ ۔ اخبار مدینه بجنور طبع اول ۱۹۴۷ ء .

۲ ۔ مولوی رحمان علی ، تذکره علمائے هند ۔ ص ، ۱۶۴ ۔ ایجوکیشنل پریس کراچی ۔ جولائی ۱۹۶۷ء

۳ ۔ اشرف علی تهانوی ، امیر الروایات ۔ ص ، ۱۰۵ ۔ کتب خانه امداد الغربا سهارن پــور ۔

۴ ۔ ایضــاً ۔ ص ۳۸ ، ۳۹ ۔

۵ ۔ مولانا گل حسن شاه پانی پتی ، تذکره غوثیه ۔ ص ۱۳۶ ، ۱۳۷ ۔ علمی پرنٹنگ پریس لاهور . ۱۹۵۵ ء .

۶ ۔ عبدالشاهد خان شروانی ، باغی هندوستان ۔ ص ۳۳ ، ۳۴

۷ ۔ مولوی رحمان علی ، تذکره علمائے هند ۔ ص ۱۶۴ ، ۱۶۵

۸ ۔ آرزو ، علامه فضل حق صاحب کا تخلص هے ۔

۹ ۔ اشرف علی تهانوی ، امیر الروایات ۔ ص ۱۵۹ ، ۱۶۰

۱۰ ۔ اشرف علی تهانوی ، امیر الروایات ۔ ص ، ۱۶۱

۱۱ ۔ عبدالشاهد خان شروانی ، باغی هندوستان ۔ ص ۳۱۶

۱۲ ۔ ایضــاً ص ۱۶۸


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۳ ۔ ایضــاً ۔ ص ۔ ۱۷۰
۱۴ ۔ ایضاً ص ۔ ۳۲۷ ، ۳۲۸
۱۵ ۔ مولانا گل حسن شاہ پانی پتی ، تذکرہ غوثیہ ۔ ص ، ۱۳۷
۱۶ ۔ سید عبدالحئی لکھنوی ، گل رعنا ۔ ص ، ۳۳۰ ۔ طبع شدہ لکھنو ۱٦ ربیع الثانی ۔ ۱۳۴۰ ھ
۱۷ ۔ محمد حسین آزاد ، آب حیات ۔ ص ٦۴۵ ، ٦۴۷ ۔ سرفراز پریس لکھنو ۔
۱۸ ۔ سرسید احمد خان ، آثار الصنادید ۔ ص ، ۱۱ ۔ سید الاخبار ۱۲٦۳ ھ ۔ ۱۸۴۷ ء
۱۹ ۔ منشی انتظام اللہ شہابی ، علامہ فضل حق خیرآبادی اور ان کے سیاسی کارنامے ۔ ص ، ۲۷ ۔ دائرۃ المصنفین ۔ کراچی ۱۹۵۷ ء
۲۰ ۔ عبدالشاہد خاں شروانی ، باغی ہندوستان ۔ ص ، ۱۰۰

© rasailojaraid.com